Pakistan, he added, also attached great value to the efforts being made by Muslim States to bring Bangladesh to the Summit.

The Summit, he hoped, would have positive results as the "forces of Islam have now awakened".

ELECTION IN SUDBURY

THE GENERAL BODY OF PAKISTAN CANADA ASSOCIATION HELD ITS ANNUAL GENERAL ELECTION. THE FOLLOWING MEMBERS WERE ELECTED UNANIMOUSLY:

1.	MR. BASHIR AHMED SHAD	PRESIDENT
2.	MR. M. SALEEM KHAN	VICE PRESIDENT
3.	MR. RAFIQ AHMED AWAN	GENERAL SECRETARY
4.	MR. MR. KHALIL AHMED	CULTURAL SECRETARY
5.	MR. SHAHID AHMED	TREASURER

(Dr. S. M. S. AHMED)

اسلامی سربراہوں کی پاکستان میں آمد کی تصویری جھلکیاں



کویت کے حکمران شیخ صباح سالم الصباح اور تحریک آزادی فلسطین کے سربراہ یاسر عرفات لاہور پہنچنے پر ہوائی اڈے پر گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں۔



تحریک آزادی فلسطین کے سربراہ یاسر عرفات [illegible]



لاہور کے ہوائی اڈے پر الجزائر کے صدر حواری بومدین، گنی اور گنی بساؤ کے سربراہوں اور اپنے میزبانوں صدر فضل الٰہی اور وزیراعظم بھٹو کے ساتھ گارڈ آف آنر کی سلامی لے رہے ہیں



شام کے صدر حافظ الاسد مسلم سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لئے لاہور پہنچنے پر، وزیراعظم بھٹو اور صدر چودھری فضل الٰہی کے ساتھ۔



شمالی یمن کے صدر قاضی عبدالرحمٰن الاریانی لاہور پہنچنے پر پاکستان کے صدر چودھری فضل الٰہی اور وزیراعظم بھٹو کے ساتھ۔



وزیراعظم بھٹو یوگنڈا کے صدر ایدی امین کا خیرمقدم کر رہے ہیں۔



وزیراعظم بھٹو صومالیہ کے صدر میجر جنرل محمد سیاد بارے کو لاہور کے ہوائی اڈے پر اپنے فوجی جنرلوں سے تعارف کرا رہے ہیں۔



بحرین کے حکمران شیخ عیسیٰ بن سلمان آل خلیفہ لاہور پہنچنے پر وزیراعظم بھٹو اور صدر چودھری فضل الٰہی کے ساتھ۔



وزیراعظم بھٹو کرنل قذافی کا استقبال کر رہے ہیں۔



لاہور کے ہوائی اڈے پر صدر پاکستان چودھری فضل الٰہی ملائشیا کے وزیراعظم تنکو عبدالرزاق کا استقبال کر رہے ہیں۔



لاہور کے ہوائی اڈے پر ترکی کے وزیر خارجہ [illegible]
پنجاب کے وزیراعلیٰ غلام مصطفیٰ کھر سے مصافحہ کر رہے ہیں۔



سندھ کے وزیراعلیٰ غلام مصطفیٰ جتوئی کراچی کے ہوائی اڈے پر لبنان کے وزیراعظم تقی الدین الصلح کا استقبال کر رہے ہیں۔

اسلامی سربرا...
میں آمد کی ...



کویت کے حکمران شیخ صباح سا...
لاہور پہنچنے پر ...



شام کے صدر حافظ الاسد ...
پہنچنے پر، وزیر اعظم ...



وزیر اعظم بھٹو صومالیہ ...
ہوائی اڈے پر اپنے ...



لاہور کے ہوائی اڈے ...
وزیر اعظم بھٹو ...

نماز جمعہ کیلئے بادشاہی مسجد میں آمد



متحدہ عرب امارتوں کے صدر شیخ زید بن النہیان نماز جمعہ کے لئے بادشاہی مسجد میں داخل ہو رہے ہیں۔



الجزائر کے صدر ہواری بومدین نماز جمعہ کے لئے بادشاہی مسجد میں داخل ہو رہے ہیں۔



والئ حرمین شریفین شاہ فیصل نماز جمعہ کے لئے بادشاہی مسجد میں تشریف لا رہے ہیں۔

شاہی مسجد لاہور میں مسلم سربراہوں کے عظیم الشان اجتماع کی جھلکیاں

شاہی مسجد کا صحن ساڑھے بارہ بجے تک بھر چکا تھا۔ اندرونی حصے میں صرف سربراہان مملکت کے لئے مخصوص جگہ خالی تھی۔ سب سے پہلے غیر ملکی مہمانوں میں سعودی وفد کے کچھ ارکان نظر آئے تھے جن میں جلالۃ الملک شاہ فیصل کے باڈی گارڈ بھی تھے۔

ایک بجے کے قریب مولانا کوثر نیازی مسجد میں داخل ہوئے۔

یمن کے صدر عبدالرحمن الاریانی نماز کے لئے سب سے پہلے پہنچے۔ ان کے بعد ترکی اور تیونس کے وزرائے خارجہ، عرب لیگ کے سیکرٹری جنرل مسجد میں داخل ہوئے۔

آرام ملک کی آمد پر لوگوں میں جوش و خروش پایا گیا۔ وہ اس موقع پر کافی خوش نظر آتے تھے۔

ایران کے وزیر خارجہ کے بعد آزادی فلسطین کی تنظیم کے سربراہ جناب یاسر عرفات جب مسجد میں داخل ہوئے تو لوگوں میں نیا جوش پیدا ہو گیا۔ اس موقع پر ریڈیو پاکستان کے کمنٹیٹر نے انہیں غازی اور مرد سپاہی کہہ کر پکارا۔ یاسر عرفات اسی وردی میں ملبوس تھے جس میں وہ پہچان آئے تھے انہوں نے نیلا اور سرخ رومال پہن رکھا تھا۔ انہوں نے مسجد میں داخل ہوتے وقت لوگوں سے ہاتھ ملائے۔ وہ سارا وقت مسکراتے رہے۔

جلالۃ الملک شاہ فیصل جب سنہری عبا پہنے ہوئے مسجد میں داخل ہوئے تو فلک شگاف نعرے لگا کر ان کا استقبال کیا۔

لیبیا کے سربراہ مملکت کرنل قذافی جب بھورے سوٹ میں ملبوس مسجد میں داخل ہوئے تو ان سے بے پناہ محبت اور عقیدت کا اظہار کیا گیا۔ لوگوں نے ان سے ہاتھ ملائے اور ان کے ہاتھوں کو بوسہ دیا۔ کرنل قذافی نے دونوں ہاتھ اٹھا اٹھا کر لوگوں کے سلام کا جواب دیا۔ انہوں نے دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے سے ملا کر مسلم اتحاد کا نشان بنایا۔ الجزائر کے صدر بومدین کرنل قذافی کے بعد پہنچے۔ ان کا بھی نہایت شاندار استقبال کیا گیا۔ وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو سیاہ شیروانی اور جناح کیپ میں ملبوس شاہی مسجد پہنچے۔ صدر فضل الٰہی چودھری ان کے ساتھ تھے۔

نماز کی ابتداء مسجد نبوی کی اذان سے ہوئی جس کا ریکارڈ ریڈیو عمان سے حاصل کیا گیا تھا۔

پاکستانی اخبارات کے عربی ایڈیشن

لاہور ... [illegible] ... پاکستان آنے والے معزز مہمانوں ... عربی ... [illegible]

بادل چھٹ گئے

لاہور ... نوائے وقت کے رپورٹر ... اسلامی سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لئے جب اسلامی ملکوں کے رہنماؤں کی آمد شروع ہوئی تو لاہور کا موسم ابر آلود تھا بعد میں بادل چھٹ گئے اور دھوپ نکل آئی۔ البتہ شام کو موسم پہلے کی طرح خوشگوار ہو گیا۔ دھوپ کی تمازت ان شخصیتوں کے لئے سخت تکلیف دہ ... جو معزز مہمانوں کے استقبال کے لئے ہوائی اڈے پر موجود تھیں۔ ان میں صدر پاکستان اور وزیر اعظم شامل تھے۔ وزیر اعظم صبح کے وقت ٹوپی پہنے ہوئے تھے۔ لیکن بعد میں انہوں نے دھوپ کی تمازت سے بچنے کے لئے سرخ رنگ کی پی کیپ پہن لی۔

کانفرنس اتحاد کو مستحکم بنائے گی

— چو۔این۔لائی

لاہور ... چین کے وزیر اعظم مسٹر چو این لائی نے اسلامی سربراہ کانفرنس کی کامیابی کی خواہش ظاہر کرتے ہوئے ایک پیغام میں کہا ہے کہ یہ کانفرنس مسلم ممالک اور عوام کے درمیان اتحاد کو مستحکم بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ اسلام آباد میں چینی سفارتخانے کے ذریعے موصول ہونے والے ایک پیغام میں مسٹر چو این لائی نے کہا کہ میں کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ کانفرنس ملکوں کی آزادی کے دفاع اور قومی وسائل کے تحفظ اور سامراجیت، نوآبادیاتی صیہونیت، نسلی امتیاز کے خلاف جدوجہد کی بنیاد پر تیسری دنیا کے ممالک اور عوام میں اتحاد کو مستحکم بنانے کا سبب بنے گی۔

لاہور میں برادر ملکوں کے وفود کی شاپنگ

لاہور (جنگ نیوز) اسلامی سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لئے لاہور آنے والے وفود کے ارکان نے روزانہ ہزاروں روپے کی شاپنگ کی۔ معزز مہمانوں کا رخ زیادہ تر انارکلی بازار کی طرف ہوتا تھا جہاں یہ معزز مہمان ہزاروں روپے کی اشیاء خرید رہے تھے۔ ان کی شاپنگ کی وجہ سے پورے لاہور میں ایک میلے کا سماں پیدا ہو گیا تھا۔

نشان یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا
کہ صبح و شام بدلتی ہیں ان کی تقدیریں
کمال صدق و مروت ہے زندگی ان کی
معاف کرتی ہے فطرت بھی ان کی تقصیریں
قلندرانہ ادائیں سکندرانہ جلال
یہ امتیں ہیں جہاں میں برہنہ شمشیریں

[illegible]

شہری آزادیوں پر عارضی پابندیوں کی ضرورت کو محسوس کیا جا رہا ہے

ڈیفنس آف پاکستان رولز کا استعمال کم کرنے کی کوشش کی جائے گی

ماہرین قانون کی کانفرنس سے وزیر اعظم کا خطاب

پاکستان نے پرتگال سے سفارتی تعلقات توڑ لئے

لاہور ( ) معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے پرتگال سے سفارتی تعلقات توڑ لئے ہیں۔ یہ اعلان وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے اسلامی کانفرنس سے ... کانفرنس میں ایک قرارداد کے ذریعے تمام اسلامی ممالک پر زور دیا گیا کہ پرتگال، جنوبی افریقہ اور روڈیشیا سے سفارتی تعلقات منقطع کر لئے جائیں۔

بھارت سے ۶۳۵۶۸ پاکستانی جنگی قیدی وطن واپس پہنچ چکے ہیں

واپس آنے والوں میں مسلح افواج کے ۹۶۷ افسر بھی شامل ہیں

گزشتہ روز رام گڑھ کے تین کیمپوں سے ۹۳۵ پاکستانی نظر بند واپس آئے

لاہور۔ ... بھارت سے اب تک ۶۳ ہزار ۵۶۸ پاکستانی نظربند واہگہ کے راستے وطن واپس پہنچ چکے ہیں۔ ...

چین بھی بنگلہ دیش کو تسلیم کرلے گا

پیکنگ۔ (رائٹر) سفارتی ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ چین بھی بنگلہ دیش کو تسلیم کرلے گا۔ اس طرح بنگلہ دیش کو اقوام متحدہ کی رکنیت مل جائے گی۔ چونکہ چین ۱۹۷۱ء کی جنگ سے پاکستان کے موقف کی حمایت کرتا رہا ہے ... بنگلہ دیش کو تسلیم کرکے سفارتی تعلقات قائم کرے گا اور اقوام متحدہ میں بنگلہ دیش کی رکنیت کی حمایت کرے گا۔

بیرونی ملکوں میں مقیم پاکستانیوں کی سرمایہ کاری سے مختلف شہروں میں ہاؤسنگ سکیمیں تعمیر کی جائیں گی

بنک آف انگلینڈ نے برطانیہ میں رہنے والے پاکستانیوں کو وطن میں سرمایہ کاری کی اجازت دے دی

فیروز قیصر برطانیہ میں پاکستانیوں سے سرمایہ کاری کے معاملہ پر بات چیت کر رہے ہیں

لاہور۔ ...

شاہ فیصل اور عرفات کی ... ملاقات

... تنظیم کا پرچم پیش کیا۔

پاکستان نے آسٹریلیا کو ہرا دیا

صلاح الدین اور منور نے ایک ایک گول کیا

کرائسٹ چرچ ... ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں پاکستان کی ہاکی ٹیم نے آسٹریلیا کو ایک کے مقابلے میں دو گول سے ہرا کر میچ جیت لیا۔ پاکستان کی طرف سے صلاح الدین اور منور نے ایک ایک گول کیا۔ ...



لاہور اسلامی سربراہ کانفرنس کے موقع پر حکومت پاکستان نے یادگاری ڈاک ٹکٹ کا یہ خوبصورت سیٹ جاری کیا ہے۔

بنگلہ دیش میں ڈاکوؤں اور بحری قزاقوں نے تباہی مچادی: لاکھوں روپے کا سامان لوٹ لیا گیا

ڈھاکہ اور میمن سنگھ کے درمیان ریلوے سروس معطل: ایک ریلوے سٹیشن تباہ

دس لانچوں اور کشتیوں میں سوار ایک ہزار افراد کو اثاثوں سے محروم کر دیا

تمام مسلم سربراہوں نے تنظیم آزادی فلسطین کو نمائندہ جماعت تسلیم کرلیا

ایران اور عراق کے درمیان کشیدہ تعلقات بہتر ہونے کی توقع۔ سربراہ کانفرنس کی نمایاں کامیابی


لاہور۔ ...

قاہرہ میں بنگلہ دیش کے سفیر بھی لاہور پہنچ گئے

مسلمان حریت پسندوں نے فلپائن کی فضائیہ کے ۳ ہیلی کاپٹر گرالئے

A PROGRAMME FOR ALL CANADIANS

ملٹی کلچرل ازم آپ کے قومی ورثے کی
نشوونما ہے!



کینیڈا کئی قسم کی تہذیبیں رکھنے والا ملک ہے ۔ ہمارے شہری دنیا کے ہر ملک سے اپنے اپنے قومی ورثے کے ساتھ آئے ہوئے ہیں ۔ تہذیبوں کا یہ تنوع کینیڈا کے باشندوں کو ایک عظیم انسانی تجربہ فراہم کرتا ہے ۔ جس سے مختلف خیالات و افکار اور ادب و فنون کو سمجھنے، پرکھنے اور قدر افزائی کرنے کا موقعہ ملتا ہے ۔

کینیڈا چلے آنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم اپنی تہذیبی روایات سے رشتہ توڑ لیں ۔ حکومت کینیڈا کی ملٹی کلچرل پالیسی تہذیبی مبادلے کو آگے بڑھانا چاہتی ہے ۔ اور یہاں کے ہر باشندے کا یہ حق تسلیم کرتی ہے کہ وہ اپنی نسلی اور تہذیبی انفرادیت کو دوسروں کے ساتھ مل جل کر پروان چڑھائے اور اپنا قومی ورثہ آنے والی نسلوں تک پہنچائے ۔

ملٹی کلچرل پروگرام افراد کی امداد اور حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اپنی اپنی تہذیبی قدروں کا اظہار اور مبادلہ کریں ۔ ان پروگراموں کے تحت مختلف نسلی اور قومی گروہوں کی مدد کی جا رہی ہے تاکہ وہ اپنی تہذیبی مصروفیات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ۔ جس سے کینیڈا کی انفرادیت اور قومی یکجہتی کو تقویت ملے ۔

آپ کی کینیڈین حکومت جن ملٹی کلچرل پروگراموں پر کام کر رہی ہے ان میں سے چند یہ ہیں :۔

- ملٹی کلچرل گرانٹس
- ملٹی کلچرل سنٹرز
- نسلی تاریخیں
- قومی و نسلی محافظ خانے (ARCHIVES)
- ملٹی کلچرل فلمیں
- انسانی اشیائے نمائش کی قومی میوزیم
- قومی لائبریری کی ہمہ لسانی خدمت
- کینیڈین مشاورتی کونسل
- ملٹی کلچرل تھیٹر فیسٹیولس
- ادبی کام
- ملٹی کلچرل کرافٹس
- پکوان اور تقریبات
- کینیڈین نسلی مطالعے
- زبان کی تدریس کے امدادی آلات
- عوامی آرٹس (FOLKLORIC ARTS)
- ملٹی کلچرل ریسرچ

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو اپنے قریبی مقامی دفتر سے ربط قائم کیجئے :

ST. JOHNS, Newfoundland
Sir Humphrey Gilbert Bldg.,
6th Floor, P.O. Box E5368,
Duckworth Street,
St. John's, Newfoundland A1C 5W2
Telephone: (709) 722-6181

HALIFAX, Nova Scotia
Trade Mart Bldg.,
473 4th Floor, Scotia Square,
Halifax, Nova Scotia B3K 2Y5
Telephone: (902) 426-6220

MONCTON, New Brunswick
1222 Main Street, 4th Floor,
Terminal Plaza Bldg.,
Moncton, New Brunswick E1C 1H6
Telephone: (506) 858-2028

STE. FOY, Quebec
1141 Route de l'Eglise, 5th Floor,
Ste. Foy, Quebec G1V 3W5
Telephone: (418) 694-3831

SHERBROOKE, Quebec
Room 500, Royal Trust Bldg.,
12 Wellington Street North,
Sherbrooke, P.Q. J1H5B1
Telephone: (819) 565-4772

TROIS RIVIERES, Quebec
Room 206A, 550 Bonaventure,
C.P. 335,
Trois Rivieres, P.Q. G9A 5G4
Telephone: (819) 375-4846

MONTREAL, Quebec
Room 2101,
1080 Cote du Beaver Hall,
Montreal, Quebec H2Z 1S8
Telephone: (514) 283-4780

NORANDA, Quebec
243 Rue Murdoch,
C.P. 395, Room 3,
Noranda, P.Q. J9X 5A9
Telephone: (819) 762-4512

OTTAWA, Ontario
Room 306, 77 Metcalfe Street
Ottawa, Ontario K1P 5L6
Telephone: (613) 996-5977

TORONTO, Ontario
55 St. Clair Avenue East,
Room 313,
Toronto, Ontario M4T 1M2
Telephone: (416) 966-6554

HAMILTON, Ontario
150 Main Street West, Suite 504,
Hamilton, Ontario L8P 1H8
Telephone: (416) 523-2355

SUDBURY, Ontario
Room 320, Federal Building
19 Lisgar South,
Sudbury, Ontario P3E 3L4
Telephone: (705) 673-1121

LONDON, Ontario
395 Dundas Street,
Postal Bldg., 2nd Floor,
London, Ontario N6B 3V5
Telephone: (519) 679-4335

THUNDER BAY, Ontario
Room 213, Federal Building,
33 Court South, Station P,
Thunder Bay, Ontario P7B 2W6
Telephone: (807) 345-1451

WINNIPEG, Manitoba
The Canadian Grain Commission Bldg.,
Room 201, 303 Main Street
Winnipeg, Manitoba R3C 3G7
Telephone: (204) 985-2847

REGINA, Saskatchewan
10th Floor,
1867 Hamilton Street,
Regina, Saskatchewan S4P 2C2
Telephone: (306) 525-6155

EDMONTON, Alberta
Room 320
Sir Alexander McKenzie Bldg.
9828 - 104 Avenue
Edmonton, Alberta T5J 0J9
Telephone: (403) 425-6730

VANCOUVER, British Columbia
1525 West 8th Avenue, 2nd Floor
Vancouver, B.C. V6J 1T5
Telephone: [illegible]

HON. STANLEY HAIDASZ
Minister of State
Multiculturalism
Canada

تاج محل اور مسلمانوں کی دیگر تاریخی عمارتوں کا نام تبدیل کرنے کے بارے میں بھارت سے وضاحت حاصل کی جائیگی

نیو یارک کی مسجد میں امام کے قتل سے متعلق تحریک التوا خلاف قاعدہ قرار دیدی گئی

کراچی ہسپتال میں طالب کے ہاتھ کاٹنے کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دے دیا گیا

اسلام آباد (پ پ) ... نے قومی اسمبلی میں ... ہاتھ کاٹ دیا گیا تھا ... ہسپتال کے ...

دو عالمی اداروں کی طرف سے پاکستان کو ڈیڑھ ارب ڈالر قرضہ کی پیش کش

کراچی (اے پ پ) وزیراعظم کے اقتصادی امور کے خصوصی مشیر مسٹر قیوم نے کہا ہے کہ دو ممتاز عالمی اداروں نے پاکستان کو علیحدہ علیحدہ اور نہایت مناسب اور اچھی شرائط پر قرضے کی پیش کش کی ہے ان میں ایک ... پچاس کروڑ ڈالر کی اور دوسری ایک ارب ڈالر کی ہے۔ انہوں نے آج ... میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران بتایا کہ یہ پہلا موقع ہے کہ دو عالمی اداروں نے پاکستان کو قرضے دینے کی پیش کش از خود کی ہے۔ اور یہ ملک کے سیاسی استحکام، جمہوری نظام کے قیام اور وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے تدبر کا نتیجہ ہے۔ مسٹر قیوم لندن کے ایک کلینک میں علاج کے بعد آج کراچی واپس پہنچے۔

نیروبی ۱۹ فروری (اے پ پ) حکومت کی ... سے یہاں ... گاڑیوں کی تیاری کے سلسلے میں ایک ... ادارہ قائم کیا جا رہا ہے

کویت اور خلیج فارس میں ثقافتی معاہدہ

کویت ... (اے پ پ) کویت اور خلیج فارس کی ریاست عمان میں ایک ثقافتی سمجھوتہ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ ... اور عمان کے سفیر نے اس معاہدہ پر دستخط کئے۔

بحرہند میں امریکہ کے ایٹمی اڈہ کے قیام سے علاقے میں مزید کشیدگی پیدا ہوگی: اندرا گاندھی

ہمسایہ ملکوں کو ہتھیار ملنے سے امن کو خطرہ پیدا ہو گیا ہے

بھارت نے امریکہ اور برطانیہ کو اپنی تشویش سے آگاہ کر دیا

نئی دہلی ... (رپورٹ) بھارت نے ایک بار پھر اعلان کیا ہے کہ بحرہند میں امریکہ کے ایٹمی توانائی سے چلنے والے جہازوں کا بحری اڈہ بن جانے سے اس کی سلامتی کے لئے شدید خطرہ پیدا ہو گیا ہے ... بیرون ملک ... کے خلاف بھارت ... کی آج یہاں امریکہ اور برطانیہ کے سفارتخانوں کو اپنی تشویش سے آگاہ کر دیا ہے۔

ریڈیو کی اطلاع کے مطابق کل یہاں امریکہ اور برطانیہ کے سفیروں سے ... اور ... کو ... کی تفصیل سے آگاہ کیا اور بھارت نے اس منصوبہ پر اپنی گہری تشویش ظاہر کی۔

... توانائی سے چلنے والے جنگی جہاز اور آبدوزیں ... ہو سکیں گی ... فوجی قوت آزمائی کا اکھاڑہ بنانے کا یہ فیصلہ اقوام متحدہ کی قرارداد ... امریکہ اور بھارت کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا امریکہ سے بھارت کے تعلقات ہمیشہ دوستانہ چلے آئے ہیں البتہ کبھی ... مسز اندرا گاندھی نے ... جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایک بار پھر ہمسایہ ملکوں پر ہتھیار اکٹھے کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ انہوں نے علاقے میں جو خطرہ پیدا کر دیا تھا امریکہ اور برطانیہ ... اس میں مزید اضافہ کر رہے ہیں اس سے صرف کشیدگی ہی پیدا ہو سکتی ہے

بحرہند کا امریکی اڈہ روسی بحریہ کی بڑھتی ہوئی قوت کا جواب ہوگا: لیسے فیسے کا

لندن ... فروری (پ پ) ٹائمز کے نمائندہ مائیکل ... نے ایک مقالہ میں وزیراعظم بھارت مسز اندرا گاندھی کے ان اعتراضات پر ... تنقید کی ہے جو انہوں نے بحرہند میں ... جزیرہ ... پر بحری اڈہ قائم کرنے کے معاہدہ پر کئے ہیں ... بحر ہند میں روسی بحریہ کی بڑھتی ہوئی قوت کا جواب ہو سکتا ... توازن کا سبب ہوگا۔

مقبوضہ کشمیر میں عوام کی بھاری اکثریت پاکستان کی حامی ہے: شیخ عبداللہ کا اعتراف


پنڈت نہرو زندہ رہتے تو کشمیر کا مسئلہ حل ہو گیا ہوتا

آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے مابین آنے جانے کی پابندیاں ختم کر دی جائیں

یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کشمیریوں نے بھارت کی غلامی پر قناعت کر لی ہے۔

... کشمیر ... شیخ عبداللہ ... بھارت ... جواہر لال نہرو ...

... کہ ... پچاس سال کی محنت ... ضائع ... ہے کہ کشمیر آزاد ہو ... شیخ عبداللہ نے ... بھارت کے ... انتخاب ... صدارت کا ... پیش کش کی جائے گی۔



ام کلثوم اور مادام نورجہاں "شکوہ اور جواب شکوہ" گائیں گی

... فروری ... ریڈیو پاکستان کے تمام سٹیشن ۲۳ اور ۲۴ فروری کو ... بجے ... علامہ اقبال کی ... نظم شکوہ جواب شکوہ مادام نورجہاں اور مصری گلوکارہ ام کلثوم کی آواز میں پیش کی جائے گی۔

برطانیہ کی ایک عدالت سے بھارتی ہائی کمشنر کو تین سال قید کی سزا

جعل سازی اور غیر قانونی تارکین وطن کو آباد کرنے کی کوششوں کا الزام

لندن ... (ریڈیو) برطانیہ کی ایک عدالت نے ... بھارتی ہائی کمشنر ... کو جعل سازی اور ... غیر قانونی ... تارکین وطن ... تین سال قید کی سزا ...

ہمسایہ ممالک کے ہتھیار اکٹھے کرنے سے جنگ کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے: اندرا گاندھی

نئے ہتھیار بھارت کے خلاف استعمال نہ کرنے کی یقین دہانی کے باوجود کشیدگی پیدا ہو گی

نئی دہلی (رائٹر، اے ایف پی) بھارت کی وزیراعظم ...

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورانٹو، کینیڈا

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی
اگر ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

مسلم سربراہ کانفرنس تاریخ کا ایک انقلابی باب

لاہور میں مسلم سربراہ کانفرنس کا انعقاد یقیناً پاکستان کے عوام کے لئے فخر و انبساط کا باعث ہے کہ انہیں دنیا کے ۳۸ مسلم ممالک کے سربراہوں اور وفود کی میزبانی کا شرف حاصل ہوا ہے لیکن اسی کے ساتھ پورے عالم اسلام کے لئے یہ امر باعث مسرت ہے کہ رباط کی پہلی مسلم سربراہ کانفرنس کے پانچ برس بعد تمام عالم اسلام کے قائدین پھر ایک بار یکجا ہوئے ہیں۔

یہ صحیح ہے کہ رباط کی مسلم سربراہ کانفرنس ایک خاص محدود مقصد کے لئے منعقد ہوئی تھی اور اس وقت پورے عالم اسلام پر ایک سیاسی پژمردگی اور مایوسی طاری تھی لیکن اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ اس کانفرنس نے عالم اسلام کے اتحاد کے احساس کی ایک کرن پیدا کی تھی۔

پچھلے پانچ برس میں پورے عالم اسلام میں زبردست انقلاب رونما ہوا ہے۔ مسلم ملکوں کے عوام کے ذہنوں سے مایوسی کے وہ پردے ہٹ گئے ہیں جنھوں نے ہمیشہ مسلمانوں کے سیاسی اتحاد، ان کی اقتصادی طاقت اور فوجی یکجہتی کی قوت کے احساس کو ماؤف بنائے رکھا۔

پاکستان کے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے مسلم ممالک کے عوام کے اس ذہنی انقلاب کو صحیح، مثبت اور تعمیری خطوط پر ڈھالنے کے لئے ایک تاریخی کردار ادا کیا ہے اور عالم اسلام کے تمام قائدین کو یکجا کر کے ایک زرّیں موقع فراہم کیا ہے کہ مسلم ممالک جو اب تک مذہب کے لازوال رشتوں کے باوجود متحد نہیں ہو سکے۔ سیاسی، اقتصادی اور فوجی اعتبار سے ایک مشترک لائحہ عمل طے نہیں کر سکے اور ہمیشہ استعمار کی جارحیت کا شکار بنے۔ ایک دوسرے کا خون بہاتے پھرے تاریخ کے اس انقلابی دور میں متحد ہوں، استعمار کے استحصال سے آزاد ہوں، اپنی اقتصادی طاقت کو محسوس کریں تاکہ مسلم ممالک کے عوام اس دنیا میں سرخرو ہوں۔

اکتوبر کی جنگ میں جزوی کامیابی اور تیل کے ہتھیار کی طاقت پر محض ناز کافی نہیں۔ مشرق وسطیٰ میں ابھی بنیادی مسئلہ حل نہیں ہوا ہے۔ اب بھی عرب علاقوں پر اسرائیلی جارحیت کا تسلط ہے۔ بیت المقدس اسرائیل گرفت میں ہے اور لاکھوں فلسطینی اپنی [illegible] اور اپنے حقوق سے محروم مسلمان اپنی آزادی [illegible] ہیں۔

[illegible] سیاسی، اقتصادی اور فوجی [illegible] کے حصول کے لئے ٹھوس اور تعمیری [illegible] پروگرام [illegible] کریں گے [illegible] مسائل کو حل کرنے اور [illegible] چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لئے دنیا کے دوسرے ملکوں کو بھی راہ دکھائیں گے۔



حبل اللہ

سورہ آل عمران میں فرمایا:-

۱۰۰۔ اے ایمان والو! اگر تم اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) کے بعض گروہوں کی بات مانو گے تو وہ تمہیں تمہارے ایمان لانے کے بعد کفر کی جانب لوٹا دیں گے۔

۱۰۱۔ اور تم کیسے کفر میں پڑ سکتے ہو جبکہ تم وہی وہ لوگ ہو جن پر اللہ کی آیات پڑھی جاتی ہیں اور تمہارے درمیان اس کا رسول (موجود) ہے۔ اور جس نے مضبوط پکڑا اللہ کو تو یقیناً اسے صراط مستقیم کی طرف راہنمائی حاصل ہوئی۔

اگلی آیت میں فرما دیا کہ اللہ تعالیٰ کو مضبوط پکڑنے سے کیا مراد ہے۔

۱۰۲۔ اے ایمان والو! ڈرو اللہ سے جیسے اس سے ڈرنے کا حق ہے۔ اور تم پر موت نہ آئے مگر اس حالت میں کہ تم مسلمان (اطاعت گذار) ہو۔

۱۰۳۔ اور (سب) مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور الگ الگ نہ رہو، اور یاد کرو اللہ کی نعمت (جو اس نے) تم پر (کی)۔ کہ تم (آپس میں) دشمن تھے، پھر اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی، تب تم اس کی نعمت سے بھائی بھائی ہو گئے۔ اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے (یعنی اس میں گرنے ہی والے تھے) پھر اس نے تمہیں اس سے بچا لیا۔ اسی طرح اللہ بیان کرتا ہے تمہارے لیے اپنی آیات تاکہ تم ہدایت پاؤ۔" (۱۰۳)

اسلام سے پہلے عرب سخت باہمی دشمنی کا شکار تھے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد اللہ کی رحمت سے ان کے درمیان باہمی الفت قائم ہو گئی۔ یہ اللہ کا ارشاد گرامی ہے۔ گویا صحابہ کرام کی باہمی عداوت و مخالفت کے قصے سب محض افسانے ہیں، جو دشمنوں نے اسلامی تعلیمات کی عظمت اور جناب رسالتمآب کے کار عظیم کی اہمیت کم کرنے کے لیے ایک سازش کے تحت گھڑے اور چلائے ہیں۔

اگلی آیت میں ملت اسلامیہ کو وہ حکم دیا جو اس کے خیر الامم ہونے کی شان کے شایان ہے۔ فرمایا:

۱۰۴۔ اور چاہیے کہ تم میں ایک گروہ ہو جو بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھے کاموں کا حکم دیں اور بُرے کاموں سے روکیں۔ اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔" (۱۰۴)

۱۱۰۔ تم بہترین اُمت ہو جو لوگوں کے لیے ظہور میں لائی گئی ہے — تم اچھے کاموں کا حکم دیتے ہو، بُرائی سے روکتے ہو، اور اللہ پر یقین (ایمان) رکھتے ہو۔"

سوئے قطار می کشد ابر بہار ناقہ را
حرف سرود عشق را گم شدہ از بہار ما

سفیر پاکستان کا دورۂ ٹورانٹو و ہیملٹن

ٹورانٹو یونیورسٹی کے میڈیکل سائنس آڈیٹوریم میں سفیر پاکستان جناب افتخار علی نے پاکستانیوں کے ایک مجمع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ کینیڈا میں میری سب سے پہلی ذمہ داری یہاں بسنے والے پاکستانی ہیں۔ غیر ممالک میں بسنے والے پاکستانیوں کا سب سے زیادہ پڑھا لکھا طبقہ کینیڈا میں موجود ہے..... میں آپ تمام سے رابطہ قائم کرنا چاہتا ہوں..... اگرچہ یہاں ہمارا عملہ اتنا زیادہ نہیں مگر اس کے باوجود ہم آپ کی توقعات پر پورا اترنے کا عزم رکھتے ہیں..... آپ سے رابطہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے جبکہ مجھے یہ معلوم ہو کہ آپ کہاں رہتے ہیں، کیا کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اور اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہر پاکستانی اپنا نام اپنے جملہ کوائف کے ساتھ پاکستان سفارت خانہ میں رجسٹر کرائے۔ اسی طرح ہم حتی الامکان کوشش کریں گے کہ پاکستان سے آنے والی خبروں سے آپ سب کو باخبر رکھیں....."

محترم سفیر نے اپنی تقریر میں اس بات پر زور دیا کہ ٹورانٹو میں ایک پاکستان سنٹر قائم ہونا چاہیئے جہاں اپنے جلسے اور تقریبات منائی جا سکیں۔ موصوف نے مزید فرمایا کہ اگر ایسے کسی سنٹر کا قیام عمل میں آنے کے امکانات ہوں تو حکومت پاکستان کی طرف سے کچھ نہ کچھ امداد مل سکتی ہے۔

ٹورانٹو میں تقریباً بارہ تیرہ پاکستانی انجمنوں کے وجود کے بارے میں سفیر موصوف نے کہا کہ اگرچہ کسی ایک انجمن کو عوام و وطن عزیز کے مفاد کے خلاف نہیں پاتے مگر پھر بھی یکجہتی میں برکت ہے۔

حاضرین سے سوال و جواب کے دوران میں کئی حضرات نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مختلف جماعتوں کے خلاف الزام لگائے گئے، شخصیات پر کیچڑ اچھالی گئی۔ غرض یہ کہ کچھ دیر کے لیے اچھی خاصی بدمزگی ہو گئی۔ لیکن تمام ہنگاموں کے بعد یہ طے ہوا کہ تمام انجمنوں کو ختم کر کے ایک ہنگامی کمیٹی بنائی جائے جس کی صدارت ڈاکٹر بیگ کریں اور اتنی ساری پاکستانی انجمنوں کی جگہ صرف ایک انجمن ہو جو پاکستان سنٹر کے قیام کے لیے تمام پاکستانیوں کا تعاون حاصل کر سکے۔ اور ایک اہم کام انجام پا سکے۔

اس کے دوسرے روز ۱۷ فروری کو جناب افتخار علی صاحب نے ہیملٹن کے پاکستانیوں سے خطاب کیا۔ جہاں اور باتوں کے علاوہ پاکستان کے موجودہ حالات کے بارے میں بھی سوال جواب ہوئے۔ جلسہ کامیاب اور پُرسکون رہا۔

یوم پاکستان نمبر

اس شمارے کے ساتھ ہمارے اخبار نے ٹورانٹو میں اپنی اشاعت کے دو سال پورے کر لیے ہیں۔ ہمارا آئندہ شمارہ "یوم پاکستان نمبر" ہوگا۔ مضمون نگار اور مشتہر حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اس پرچے کے لیے اپنی نگارشات اور اشتہارات ۸ مارچ سے پہلے پہلے ارسال فرمائیں۔ (ادارہ)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۔

[illegible]

مسلم ممالک کی اقتصادی ترقی کیلئے جامع منصوبہ تیار کیا جائیگا

تیل کی قیمتوں میں اضافے سے متاثر ہونے والے مسلم ممالک اور عربوں کے حامی ملکوں کو امداد دی جائے گی

بیت المقدس کی بازیابی اور عرب علاقے خالی کرانے کیلئے مسلمانانِ عالم کا عزم

اسرائیل فوراً فلسطینیوں کے غصب شدہ حقوق بحال کرے۔ اسلامی سربراہ کانفرنس کی قرارداد

لاہور ۲۴ فروری معلوم ہوا ہے کہ مسلم سربراہوں کے بند کمرے کے اجلاس میں مسلم ممالک کی اقتصادی ترقی کے لئے جامع منصوبہ تیار کرنے اور تیل کی قیمتوں میں اضافہ سے متاثر ہونے والے مسلم ممالک کو امداد دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مسلم سربراہوں نے اس امر پر پورا اتفاق کیا ہے کہ تیل کو سیاسی ہتھیار کو مؤثر طور پر استعمال کیا جانا چاہئے اور اس کے ساتھ ساتھ اس دولت کو عالم اسلام کی مربوط اقتصادی ترقی کے لئے بھی استعمال کیا جانا چاہئے۔ آج مسلم سربراہوں کا بند کمرے میں ڈیڑھ گھنٹے تک اجلاس ہوا جس کے بعد کانفرنس کے اعلانیہ کا مسودہ تیار کرنے والی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس کے بعد سربراہوں کا ایک اور اجلاس ہوا جس کے بعد سربراہوں کی کانفرنس کا اختتامی اجلاس شروع ہوا۔ جو رات گئے تک جاری تھا۔ خیال ہے کہ اجلاس کل صبح تک جاری رہے گا جس میں اعلانیہ منظور کیا جائیگا اس سے پہلے کل کے اجلاس

سربراہ کانفرنس نے واضح الفاظ میں اسرائیل سے مطالبہ کیا ہے کہ تمام مقبوضہ عرب علاقوں کو بلا کسی شرط کے خالی کر دیا جائے۔ فلسطینی عوام کے غصب شدہ حقوق بحال کر دیئے جائیں اور بیت المقدس کو خالی کر کے اسے جائز وارثوں یعنی مسلمانوں کے حوالے کر دے۔ ۲۴ سربراہوں اور ۱۳ دوسرے ملکوں کے نمائندوں نے متفقہ طور پر ارضِ فلسطین اور بیت المقدس کے ضمن میں علیحدہ علیحدہ قراردادیں منظور کی ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ مصر، شام، اردن اور فلسطینی عوام کو پوری اور مؤثر انداز میں مدد دی جائے گی تاکہ وہ ہر ممکن طریقے سے جدوجہد کر کے اپنے تمام مقبوضہ علاقے دوبارہ حاصل کر سکیں۔ درحقیقت میں ایسے اقدام کئے جائیں گے جن کے ذریعے اسرائیل کو ان تمام مقبوضہ عرب علاقوں کو فوراً اور غیر مشروط طور پر خالی کرنے پر مجبور کیا جا سکے جن پر اس نے جون ۱۹۶۷ء میں قبضہ کر لیا تھا۔ تمام رکن ملکوں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ ہر ممکن طریقے سے صیہونیوں، نسل پرستوں اور غاصبوں کے خلاف جدوجہد میں فلسطینی عوام کی مدد کریں۔

وزیر اعظم بھٹو سے صدر امین کی ملاقات

لاہور۔ یوگنڈا کے صدر ادی امین نے آج وزیر اعظم مسٹر بھٹو سے ملاقات کی اور انہیں مسلم سربراہوں کی کانفرنس کے انعقاد کے سلسلہ میں پہل کرنے پر مبارکباد پیش کی۔ وزیر اعظم مسٹر بھٹو سے آج ملائیشیا کے نائب وزیر اعظم تن عبدالرزاق نے بھی ملاقات کی۔

اسرائیل مقامات

مقدسہ اردن کے

حوالے کر دے گا

نہٹی۔ ریڈیو بی بی سی کا مصر کے کثیر الاشاعت روزنامہ الاخبار نے انکشاف کیا ہے کہ اردن اور اسرائیل میں دریائے اردن کے مغربی کنارے سے فوجیں ہٹانے کے بنیادی اصولوں پر خفیہ سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ سمجھوتہ کے تحت اسرائیل یروشلم، بیت اللحم اور الخلیل کے علاقے خالی کر دے گا۔ بی بی سی کی اطلاع ہے کہ معاہدہ کے تحت یروشلم میں مسلمانوں کے مقامات مقدسہ اردن کے کنٹرول میں رہیں گے۔

شالیمار باغ میں

بھٹو اور شیخ مجیب گلے ملے اور بوسے لئے

لاہور ۲۴ فروری (رائٹر) شالیمار باغ میں مسلم سربراہوں کے اعزاز میں دیئے جانے والے استقبالیہ میں آج شام وزیر اعظم مسٹر بھٹو اور شیخ مجیب الرحمٰن نے ایک دوسرے کو گلے لگایا اور ایک دوسرے کے بوسے لئے۔ استقبالیہ کے خیر مقدم پر وزیر اعظم بھٹو، شیخ مجیب الرحمٰن اور لیبیا کے کرنل قذافی کے درمیان کھڑے تھے۔ انہوں نے باری باری کرنل قذافی اور شیخ مجیب کو گلے لگایا۔ شیخ مجیب نے اس کے جواب میں مسٹر بھٹو کو کئی بار بغل گیر کیا اور بوسے لئے۔ شالیمار باغ کے استقبالیہ میں سب سے زیادہ والہانہ خیر مقدم کرنل قذافی کا کیا گیا۔ کل رات ثقافتی پروگرام میں شیخ مجیب وزیر اعظم بھٹو کے برابر بیٹھے تھے۔



بنگلہ دیش کے وزیر اعظم شیخ مجیب الرحمان لاہور پہنچنے پر صدر فضل الہیٰ اور وزیر اعظم بھٹو کے ساتھ دونوں ملکوں کے قومی ترانوں کو سن رہے ہیں۔

تیل پیدا کرنے والے کئی ملک پاکستان کو فوری طور پر ۵ ارب کی امداد دینگے

فرانس پاکستان کو میراج طیاروں کی تیاری میں مدد دیگا

لیبیا اور کویت پاکستان میں بھاری صنعتیں قائم کریں گے!

لاہور۔ اسلامی سربراہ کانفرنس میں شریک بعض ممالک کے توسط سے فرانس پاکستان کو فنی امداد دیگا۔ مقامی اخبار نے باخبر ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ تیل پیدا کرنے والے بعض ممالک پاکستان کو فوری طور پر تقریباً پانچ ارب روپے کی امداد دینگے۔ جس کے تحت فرانس پاکستان میں میراج طیارے بنانے کے منصوبے کے لئے پاکستان کو ہر قسم کی فنی امداد دے گا۔ یہ بھی پتہ چلا ہے کہ سعودی عرب، لیبیا اور کویت بھی پاکستان میں بھاری صنعتوں کے قیام کے لئے ہر قسم کی مالی امداد دیں گے۔ تاکہ مستقبل میں عرب ممالک مغربی ملکوں کی صنعتی بالادستی سے نجات حاصل کر سکیں۔ پہلے مرحلہ میں طیارہ سازی کی صنعت کے علاوہ پاکستان کو زرعی ترقی میں بھی مدد دی جائے گی۔ اس کے علاوہ پھلوں کو محفوظ کرنے کے لئے بھی بڑے پیمانے پر صنعتیں قائم کرنے کے لئے امداد دی جائے گی۔ تاکہ پاکستان کا فاضل غلہ اور پھل عرب ملکوں کو برآمد کئے جا سکیں۔

شاہ فیصل نے امیر المومنین کا خطاب قبول کرنے سے انکار کر دیا

بیروت ۲۴ فروری (رائٹر) بیروت کے روزنامہ "النہار" نے اطلاع دی ہے کہ سعودی عرب کے شاہ فیصل نے "امیر المومنین" کا خطاب قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ سفارتی ذرائع کے حوالے سے اخبار نے آج لکھا ہے کہ یہ تجویز لاہور میں اسلامی سربراہ کانفرنس شروع ہونے سے پہلے مصر کے صدر سادات، لیبیا کے صدر قذافی اور شمالی یمن کے صدر الاریانی نے مشترکہ طور پر پیش کی تھی۔ امیر المومنین کا خطاب خلیفۂ وقت کے لئے مخصوص ہے اور مسلمانوں کی تاریخ میں یہ خطاب آخری بار انقلاب ترکی سے پہلے سلطنت عثمانیہ کے حکمرانوں نے استعمال کیا تھا۔ اخبار نے مزید [illegible] وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو نے بھی [illegible] میں مسلم سربراہوں کے سامنے ابھی یا [illegible] کی تجویز پیش کی تھی لیکن شاہ فیصل نے اس کو بھی مسترد کر دیا۔

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا فیصلہ بھٹو کا دلیرانہ اقدام ہے۔ صدر سادات

شیخ مجیب یقیناً مثبت جواب دینگے اور جنگی جرائم کے مقدمات ترک کر دیں گے: سادات دہلی پہنچ گئے

لاہور ۲۴ فروری مصر کے صدر انور سادات نے اس بات کا مکمل یقین ظاہر کیا ہے کہ بنگلہ دیش کی حکومت اب پاکستان کے ۱۹۵ جنگی قیدیوں پر جنگی جرائم کے الزام میں مقدمہ چلانے کے ارادے کو ترک کر دے گی۔ سربراہ کانفرنس میں شرکت کے بعد آج بھارت روانہ ہونے سے پہلے انہوں نے اخباری نمائندوں سے کہا کہ میرا خیال ہے کہ ہم نے مسئلے کو اس طریقے سے حل کرنے کی کوشش کی ہے جس سے پہلے تو وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو نے جو اقدام کیا۔ وہ واقعتہ بڑا دلیرانہ ہے اور سب ان کی اس دانشمندی کے معترف ہو گئے ہیں اور اب میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس کے جواب میں جناب شیخ مجیب الرحمٰن کی طرف سے بھی اقدام کیا جائے گا۔ اخباری نمائندوں نے صدر سادات سے پوچھا تھا کہ جب پاکستان نے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا ہے لیکن ابھی تک شیخ مجیب کی طرف سے کوئی [illegible] نہیں ہوئی ہے۔ وزیر اعظم بھٹو نے پہلے اعلان کیا تھا کہ بنگلہ دیش کی حکومت اس بات کا یقین دلائے کہ ۱۹۵ پاکستانی جنگی قیدیوں پر مقدمات نہیں چلائے گی تب ہی پاکستان بنگلہ دیش کو تسلیم کرے گا۔



[illegible]